**تعارف کتب**

# "تحریک پاکستان"

**تالیف : پروفیسر محمد اسلم**

**پبلشرز : میاں نوید احمد حنفی، ریاض برادرز، اردو بازار لاہور**

**صفحات : 480   قیمت : 150 روپے**

زیر نظر کتاب تحریک پاکستان سے متعلق ہے جو پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ تاریخ کے سابق سربراہ پروفیسر محمد اسلم نے نہایت محنت، دقت نظر اور نہایت غیر جانبدار مورخ کی حیثیت میں لکھی ہے۔ کتاب اگرچہ ہائی کلاسز کے طلباء و طالبات کے لئے ہے لیکن تاریخ کا ذوق و شوق رکھنے والے سب لوگ اس سے استفادہ کر سکتے ہیں کیونکہ پروفیسر موصوف نے تحریک پاکستان کی پوری جدوجہد کو نہایت ترتیب کے ساتھ پیش کر دیا ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ انہوں نے کوزے میں دریا بند کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر پہلے دو ابواب میں مصنف نے تاریخی حوالوں سے ثابت کیا ہے کہ ہندو نہایت متعصب اور تنگ نظر قوم ہے اور انہوں نے مسلمان حکمرانوں کے ادوار میں بھی مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کئے رکھا۔ گجرات اور کشمیر میں مسلمان خواتین سے شادیاں کر رکھی تھیں اور جب بادشاہ نے سخت نوٹس لیا تو اس کے خلاف ہنگامہ کھڑا کر دیا۔

پروفیسر صاحب نے بتایا ہے کہ ایسے علاقے اور قصبے بھی ہندوؤں کی چیرہ دستیوں کا شکار تھے جو سڑکوں کے کنارے آباد تھے اور جہاں مسلمان نسبتاً مسلمان حکمرانوں سے باآسانی فریاد کر سکتے تھے لیکن دور افتادہ علاقوں میں مسلمانوں کا کیا حال ہوتا ہوگا۔ مغل بادشاہ بابر کی آمد سے قبل رانا سانگا نے مسلمانوں کے روحانی مرکز اجمیر شریف کو تباہ کر کے رکھ دیا اور پورا شہر کھنڈر بن گیا جہاں درندے آنے لگے مسلمان یا تو مارے گئے یا خوف سے بھاگ گئے۔ کوئی مسلمان درگاہ اجمیر شریف پر سلام کے لئے آنے کی جرات نہ کرتا تھا۔ ہیموں بقال نے مسلمانوں پر ظلم و ستم کے وہ پہاڑ توڑے کہ تاریخ پناہ مانگتی ہے۔

غرضیکہ پروفیسر صاحب نے ہندوؤں کے مسلمانوں پر مظالم کے متعدد مستند واقعات بیان کئے ہیں۔ دراصل قومی حمیت کا تقاضا ہے کہ تاریخ کی ایسی کتاب لکھی جائے جس میں ہندوؤں کے تعصب، عدم رواداری، عدم تعاون اور ظلم و ستم کے واقعات کی تفصیل مستند حوالوں کے ساتھ بتائی جائے تاکہ نئی نسل کو پتہ چلے کہ ہمارے زعماء نے الگ خطۂ وطن کا مطالبہ کیوں کیا تھا؟

بہرحال پروفیسر محمد اسلم صاحب نے زیر نظر کتاب میں تاریخی اور اسلامی تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے مستند مواد پیش کیا ہے اور پبلشر میاں نوید احمد حنفی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے پروفیسر صاحب سے تحریک پاکستان پر مستند اور بہترین کتاب مرتب کرائی اور پھر اسے صرف ایک سال کی مدت میں شائع کر کے قوم کے نونہالوں کے سامنے پیش کر دیا۔ کتاب کے آخر میں اہم واقعات سال وار بیان کر دیئے گئے ہیں جو ان کے لئے نہایت مفید ثابت ہوں گے۔

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.
© rasailojaraid.